PRNO.25/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

ڈیرہ غازی خان میں بھی وفاقی محتسب کا علاقائی دفتر قائم کر دیا گیا

ملک کے دور دراز علاقوں کے عوام کو انصاف فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی

سال 2024ء میں دو لاکھ 23 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ وفاقی محتسب

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ڈیرہ غازی خان میں علاقائی دفتر کے افتتاح کے موقع پر گفتگو

ڈیرہ غازی خان( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ڈیرہ غازی خان میں بھی اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کر دیا، جس کے بعد ہیڈ آفس سمیت وفاقی محتسب کے دفاتر کی تعداد 26 ہوگئی ہے۔ گزشتہ روز علاقائی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو مفت اور جلد انصاف فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو ان کے گھر کے قریب یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضافہ ہوا، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ماہ میں مظفرآباد آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، میرپور خاص (سندھ) اور ساہیوال میں نئے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے ہیں اور اب ڈیرہ غازی خان میں علاقائی دفتر کے قیام کے بعد ملک بھر کے 26 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ افتتاحی تقریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے کثیر افراد نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ برس دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات آئیں اور دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے، 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں 126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔ او سی آر پروگرام کے تحت 171 دورے کئے گئے، سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79 دورے کئے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر کھلی کچہریاں منعقد کر کے عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی شکایات کی دادرسی کرنا ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال عام لوگوں کی شکایات کی دادرسی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب میں بیرون ملک پاکستانیوں اور بچوں کی شکایات کے لئے الگ سے شکایات کمشنرز مقرر کئے گئے ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

30 اپریل 2025ء